9338 ـ رفاعی فرقه كے لوگوں كا اپنے آپ كو چهریاں اورمارنا اور متاثر نه ہونا

سوال

ان لوگوں كے متعلق آپ كی رائے كیا ہے جو كہ اپنے آپ كودرویشوں كا نام دیتے خنجر اور چھریاں وغیرہ مارتےہیں ، اوروہ اس كام كے وقت یااللہ كہنے سے قبل یا رفاعی كہتے ہیں ، اس میں شرع كا كیاحكم ہے ؟
اوركیا ان كے اس عمل پر كوئ دلیل پائ جاتی ہے ؟ اللہ تعالی آپ كو جزائے خیر عطا فرمائے ۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

یہ لوگ كذاب اورحیلے باز ہیں ، اور ان كے اس عمل كی كوئ اصل اور دلیل نہیں اوریہ لوگ جھوٹے ہیں ، بلكہ یہ ایسی اشیاء استعمال كرتے ہیں جس سے لوگوں پر معاملہ مشتبہ ہوجاتا ہے حتی كہ لوگ یہ گمان كرنے لگتےہیں كہ وہ اپنے آپ كومار رہے ہیں ، حالانكہ معاملہ اس طرح نہیں ہے ، بلكہ یہ لوگوں پراشتباہ ڈالتے اور ان كی آنكھوں پر جادو اوران كی آنكھ بندی كرتے ہیں ، جیسا كہ اللہ تعالی نے فرعون كے جادوگروں كے متعلق كہا كہ انہوں نے لوگوں پر ہیبت طاری كردی اور ان كی آنكھوں پرجادو كردیا ۔

مقصد یہ كہ اس طرح كے لوگ – فاجر اورحیلہ باز – جو كچھ كرتے ہیں ان كے اس عمل كی كوئ دلیل اوراصل نہیں ، اور یہ جائز نہیں كہ انہیں سچا مانا جائے ، بلكہ وہ كذاب اور جھوٹے اورحیلے بازہیں اورلوگوں پر اشتباہ ڈالتے ہیں ، اورپھر جب وہ رفاعی یا كسی اوركوپكارتے ہیں تویہ شرك اكبر ہے ، جیسے كہ كوئ یہ كہے كہ : یارفاعی ، اور ، یارسول اللہ میری مدد كریں ، اور میری شفاعت كریں ، اور یا علی ـ یا سیدی – یا حسین ـ یا فلان اور یا كہے یا سیدی البدوی ، كہے تویہ سب شرك اكبر ہے ، اور یہ سب غیراللہ كی عبادت میں داخل ہے ، اور یہ سارا كچھ اسی طرح كا ہے جسے قبروں اور لات اورعزی كی عبادت كرنے والے كرتے ہیں ، جوكہ شرك اكبر ہے ، اللہ تعالی اس سے بچائے ۔

اوریہ اپنے آپ كو چھریاں اور خنجر مارنے والے سب دھوكے حیلے باز ہیں ان كی كوئ دلیل اور اصل نہیں بلكہ وہ ان سب اشیاءمیں جھوٹ اور فریب سے كام لیتے ہیں اور فاجر قسم كے لوگ ہیں ، مسلمان حكام پر واجب ہے كہ وہ اپنے ملك میں ان جیسے لوگوں كو روكیں اور انہیں تعزیرا سز دیں حتی كہ وہ اپنے ان خبیث اور برے كام توبہ كریں ۔